سوال

(172) طوائف کو کرایہ پر مکان دینا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

طوائف کو کرایہ پر مکان دینا اوران سے کرایہ لے کر کھانا پینا درست ہے یا نہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

حرام کاروں کو حرام کاری کیلئے کرایہ پر مکان دینا حرتام ہے اوران کی حرام کمائی سے کرایہ وصول کر کے استعمال کرنا حرام ہے کیونکہ گناہ کے کاموں میں اعانت حرام ہے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ وَلَاتَعَاوَنُوا عَلَى لِاِثْمِ وَ لعُدْوَنِ گناہ اور ظلم کی باتوں میں امداد مت کرو۔ واللہ اعلم (مونا عبدلسلام بستوی دہلوی) (اہل حدیث دہلی جلد نمبر1 شمارہ 4)

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 14 ص 166

محدث فتویٰ